سوال

مختلف کمپنیاں اپنی پروڈکٹس (کولڈرنکس اور آئیسکریم) کی فروخت کےلیے دکانوں پر فریزر رکھواتی ہیں۔ کیا اس فریزر کو ہم اپنے ذاتی مقاصد (گھریلو اشیاء) کےلیے گھر پر استعمال کرسکتے ہیں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کے فریزکو ذاتی مقاصد کےلیے استعمال کرنا کمپنی کی اجازت سے مشروط ہے۔ اگر کمپنی نے ایسے فریزکو گھر میں استعمال کی اجازت دی ہے، تو اسے گھر میں استعمال کرنا جائز ہو گا۔ اگر کمپنی کی طرف سے اجازت نہیں ہے، تو اسے ذاتی استعمال میں لانا جائز نہیں ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد